# 26-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔رواں ماہ ریاست کو یوریا کی بڑھتی ہوئی فراہمی سے کسانوں کو خاطر خواہ راحت ملی ہے۔

۲۔مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے پردھان منتری کسان سمان ندھی اسکیم کی 21ویں قسط جاری کی۔

۳۔جوبلی ہلز اسمبلی حلقے کے ضمنی انتخاب کے لیے آنجہانی ایم ایل اے ماگنٹی گوپی ناتھ کی بیوہ ماگنٹی سنیتا بی آر ایس کی امیدوار ہوں گی۔

۴۔محکمہ موسمیات نے تلنگانہ کے کئی اضلاع میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔وقار آباد اور سنگا ریڈی اضلاع میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

TUMMALA:

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے آج کہا کہ رواں ماہ ریاست کو یوریا کی بڑھتی ہوئی فراہمی سے کسانوں کو خاطر خواہ راحت ملی ہے۔انہوں نے بتایا کہ اپریل سے ستمبر کے درمیان کل 7.88 لاکھ میٹرک ٹن یوریا موصول ہوا، جس میں سے صرف اسی ماہ 1.84 لاکھ میٹرک ٹن یوریا فراہم کیا گیا۔وزیر نے کہا کہ پچھلے مہینوں میں کسانوں کو یوریا کی قلت کی وجہ سے دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا، لیکن ریاستی حکومت کی مستقل کوششوں اور مرکز کو بارہا نمائندگی کے نتیجے میں اضافی فراہمی کو ممکن بنایا گیا۔انہوں نے یوریا کی ماضی کی قلت کی وجوہات میں درآمدی ٹنڈرس میں تاخیر، بین الاقوامی حالات کی غیر یقینی صورتحال، اور مرکز کی طرف سے ناکافی فراہمی کو شامل کیا۔ریاستی وزیر نے کہا کہ تلنگانہ حکومت کسانوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے پُرعزم ہے اور کھاد اور بیجوں کی بروقت دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے مرکز سے مسلسل رابطے میں رہے گی۔

BRS:

بی آر ایس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ نے آج اعلان کیا کہ جوبلی ہلز اسمبلی حلقے کے ضمنی انتخاب کے لیے بی آر ایس کی امیدوار ماگنٹی سنیتا ہوں گی، جو آنجہانی ایم ایل اے ماگنٹی گوپی ناتھ کی بیوہ ہیں۔ یہ ضمنی انتخاب، گوپی ناتھ کی رحلت کے باعث منعقد کیا جا رہا ہے۔ اپنے بیان میں چندر شیکھر راؤ نے کہا کہ یہ فیصلہ گوپی ناتھ کی پارٹی اور عوام کے لیے خدمات کے اعتراف اور جوبلی ہلز کے ووٹروں کی خواہشات کے مطابق کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ اس نشست کے لیے کئی امیدواروں کی خواہش تھی، لیکن پارٹی نے گوپی ناتھ کی خدمات کے احترام اور عوامی حمایت کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا ہے۔

TG BIE:

تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن نے آج دسہرہ کی تعطیلات کا اعلان کیا۔ کل سے لے کر 5 اکتوبر تک تعطیلات رہیں گی۔ کالجس 6 اکتوبر کو دوبارہ کھلیں گے۔ بورڈ کے سیکریٹری کرشنا آدتیہ نے ایک ہدایت نامے میں تمام جونیئر کالجز کو ہدایت کی ہے کہ وہ پہلی سہ ماہی کی تعطیلات کے شیڈول کی سختی سے پابندی کریں۔ انہوں نے نجی غیر امدادی جونیئر کالجز کو چھٹیوں کے دوران کلاسز نہ لینے کی سختی سے ہدایت دی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ کسی بھی ہدایت کی خلاف ورزی کو سنجیدگی سے لیا جائے گا اور خلاف ورزی کی صورت میں کالج کی رجسٹریشن منسوخی سمیت سخت کارروائی کی جائے گی۔

HMWSSB

حیدرآباد میٹرو پولیٹن واٹر سپلائی اینڈ سیوریج بورڈ نے آج سیلابی وارننگ جاری کی ہے کیونکہ عثمان ساگر اور حمایت ساگر کے جڑواں ذخائر سے 12,000 کیوسک پانی خارج کیا گیا ہے۔ بورڈ نے اپنے بیان میں کہا کہ مسلسل بارش اور محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے پیش نظر حمایت ساگر سے پانی کا اخراج 5,000 کیوسک اور عثمان ساگر سے 7,000 کیوسک تک بڑھایا جا رہا ہے۔ ایچ ایم ڈبلیو ایس ایس بی نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ نشیبی علاقوں میں احتیاط برتیں اور متعلقہ حکام کی ہدایات پر عمل کریں۔

RAINS:

تلنگانہ کے مختلف علاقوں میں آج صبح سے ہونے والی شدید بارشوں نے معمولات زندگی کو متاثر کیا، خاص طور پر ریاستی دارالحکومت حیدرآباد میں پانی جمع ہونے اور ٹریفک جام جیسے مسائل دیکھنے میں آئے۔ تلنگانہ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی کے مطابق صبح ساڑھے آٹھ بجے سے 11 بجے کے دوران نارائن پیٹ کے نروا میں سب سے زیادہ 44.3 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، جبکہ وقارآباد کے مجاہد پور میں 44 ملی میٹر بارش ہوئی۔ حیدرآباد کے دبیر پورہ میں 28.5 ملی میٹر اور قادر پور (رنگاریڈی ضلع) کے علاقہ آدرشنگر میں 18 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ صورتحال کے پیش نظر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے جی ایچ ایم سی اور دیگر اداروں کو فوری اقدامات کی ہدایت دی تاکہ پانی کی نکاسی اور ٹریفک کے مسائل کو حل کیا جا سکے۔ سائبرآباد پولیس نے آئی ٹی کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ملازمین کو ورک فرام ہوم کی سہولت فراہم کریں تاکہ ٹریفک جام سے بچا جا سکے۔

PM - KISAN:

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے پردھان منتری کسان سمان ندھی اسکیم کی 21 ویں قسط جاری کی۔ انہوں نے بتایا کہ اس قسط کے تحت 27 لاکھ سے زائد کسانوں کے بینک کھاتوں میں مجموعی طور پر 540 کروڑ روپے منتقل کیے گئے، جن میں تقریباً 2.7 لاکھ خواتین کسان بھی شامل ہیں۔ مرکزی وزارت کے مطابق، فروری 2019 سے شروع ہونے والی اس اسکیم کے تحت تین ریاستوں کو اب تک مجموعی طور پر 13 ہزار کروڑ روپے سے زائد کی ادائیگی کی جا چکی ہے۔

GEOSCIENCE:

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون کلچرل سینٹر، نئی دہلی میں قومی جیوسائنس ایوارڈز 2024 عطا کیے۔ یہ ایوارڈز ملک کے قدیم ترین اور معتبر ترین اعزازات میں شمار ہوتے ہیں جو ارضیاتی

علوم کے شعبے میں تحقیق، جدت اور کارکردگی کے اعتراف میں دیے جاتے ہیں۔صدرِ جمہوریہ نے اس موقع پر کہا کہ معدنیات انسانی تہذیب کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی آئی ہیں اور صنعتی ترقی کا تصور کوئلہ اور لوہے کے بغیر ممکن نہیں۔

SOUND BYTE PRESIDENT

صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ جیوسائنٹسٹ صرف کانکنی تک محدود نہ رہیں بلکہ انہیں ماحولیاتی پائیداری پر بھی توجہ دینی چاہیے۔صدر مرمو نے زور دیا کہ آتم نربھر بھارت کی سمت بڑھنا قومی سلامتی اور ترقی یافتہ بھارت کے ہدف کے لیے نہایت اہم ہے۔

AYUSH:

آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے آج آیوروید اٹریننگ ایکریڈیٹیشن بورڈ کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ وزارت کے مطابق بورڈ نے اب تک 113 آیوروید اتربیتی کورسز کو منظوری دی ہے، جن میں 24 ہندوستانی اداروں کے 99 کورسز اور دو مما لک کے 14 بین الاقوامی کورسز شامل ہیں۔ یہ کورسز عالمی سطح پر آیوروید تعلیم کے معیار اور ساکھ کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

POSTPONE

حیدرآباد کے عنبر پیٹ علاقے میں واقع بتکما کنٹہ کا آج شدید بارشوں کے باعث افتتاح ملتوی کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو اس جھیل کا افتتاح کرنا تھا، تاہم محکمہ موسمیات کی جانب سے کل تک مزید بارش کی پیش گوئی کے بعد افتتاح ملتوی کیا گیا،تقریب اب اتوار کو منعقد کی جائے گی۔ یہ اطلاع گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) کی میئر وجے لکشمی گدوال نے دی۔

WEATHER:

محکمہ موسمیات نے تلنگانہ کے کئی اضلاع میں شدید بارش کے پیش نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ وقار آباد اور سنگا ریڈی اضلاع میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ محکمے کی روزانہ موسمی رپورٹ میں 14 دیگر اضلاع کے لیے ارینج الرٹ جاری کیا گیا ہے جہاں شدید سے بہت شدید بارش متوقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق، جنوب مغربی مانسون اس وقت تلنگانہ پر پوری شدت سے اثر انداز ہورہا ہے۔ جن اضلاع میں آئندہ بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے ان میں نظام آباد، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاؤں، سدّی پیٹ، یادادری بھونگیر، وقار آباد، سنگا ریڈی، میدک، کاما ریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور جوگولامبا گدوال شامل ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جنگاؤں، میدک، سنگا ریڈی، وقار آباد، جئے شنکر بھوپال پلی، کریم نگر، ملگو، نلگنڈہ اور یادادری بھونگیر میں شدید بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ ریاست کے اکثر علاقوں میں بارش ہوئی ہے۔

RELIEF KITS

پرنسپل سیکرٹری اور محکمہ سیول سپلائیز کے کمشنر ڈی ایس چوہان نے آج حیدرآباد کے ایرم منزل میں واقع سیول سپلائیز بھون سے سات ٹرکوں پر مشتمل ریلیف سیلاب متاثرین کے لیے روانہ کیں۔ یہ امدادی کٹس پانچ حالیہ سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے مستحقین کے لیے روانہ کی گئی ہیں۔ یہ راشن کٹس نیسلے کمپنی اور غیر سرکاری تنظیم بوسکونیٹ کے تعاون سے فراہم کی گئی ہیں۔ ہر کٹ میں 10 کلو چاول، تور دال، مسور دال، چنا دال، چینی، نمک، ریفائنڈ تیل، دھنیا پاؤڈر، ہلدی، گرم مصالحہ، املی، چائے پتی اور مرچ پاؤڈر شامل ہیں۔

AILAMMA

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج اپنی رہائش گاہ جوبلی ہلز پر ویرناری چکلی ایلماں کے یوم پیدائش کے موقع پران کے پوٹریٹ پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ چکلی ایلماں کے یوم پیدائش کو ریاست بھر میں سرکاری طور پر منایا گیا۔ بعد میں وزیراعلیٰ نے سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کے یوم پیدائش پر بھی انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر ریونت ریڈی نے ملک کیلئے کی گئی منموہن سنگھ کی خدمات کو یاد کیا۔ گاندھی بھون میں بھی ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں ریاستی وزیر وی سری ہری کے علاوہ ایلماں کے ارکانِ خاندان اور سینئر کانگریس قائدین نے شرکت کی۔ سری ہری نے اس موقع پر کہا کہ ایلماں نے ظلم کے خلاف آواز اٹھائی تھی اور انہوں نے غریب اور پسماندہ طبقات کیلئے کام کیا۔ بی جے پی نے بھی ویرناری چکلی ایلماں کی یوم پیدائش تقریب ناپملی میں واقع اپنے پارٹی آفس میں منعقد کی۔

○○